وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٢﴾ ءَأَتَّخِذُ

اور میری کیا مجال کہ نہ پوجوں اسے، جس نے بنایا مجھ کو، اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے● کیا بنالوں

مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ

اس کے خلاف دوسرے معبود؟ کہ اگر چاہے خدائے مہربان میرا برا، تو کام نہ آئے میرے ان کی سفارش

شَيْئًا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾ إِنِّي إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ إِنِّي آمَنتُ بِرَبِّكُمْ

کچھ، اور نہ وہ بچا سکیں● بلا شبہ جب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں● بیشک میں تو مان گیا تم لوگوں کے پروردگار کو،

فَاسْمَعُونِ ﴿٢٥﴾ قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾

تو تم لوگ بھی سن رکھو● کہا گیا اسے، کہ چلے جاؤ جنت میں۔ بولا اے کاش میری قوم جان لیتی●

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ ﴿٢٧﴾ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَىٰ

جو بخش دیا مجھے میرے رب نے، اور کر دیا مجھے باعزت لوگوں میں● اور نہیں اتارا ہم نے

قَوْمِهِ مِن بَعْدِهِ مِن جُندٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾ إِن

اس کی قوم پر اس کے بعد کوئی لشکر آسمان سے، اور نہ ہم کو اتارنا تھا● نہ تھا ان

كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ ﴿٢٩﴾ يَا حَسْرَةً عَلَى

پر کوئی عذاب مگر ایک چیخ۔ اسی وقت وہ بجھ کے رہ گئے● ہائے افسوس ان

الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٣٠﴾ أَلَمْ يَرَوْا

بندوں پر۔ نہ آتا ان کے پاس کوئی رسول، مگر یہ اس سے ٹھٹھا کرتے رہتے● کیا انہوں نے

كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَإِن

نہیں دیکھا، کہ کتنی برباد کر دیں ہم نے ان سے پہلے امتیں؟ کہ بلا شبہ وہ انکی طرف واپس نہیں ہوتیں● اور نہیں ہیں

كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾ وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ

سب، مگر یہ کہ سارے ہمارے سامنے حاضر کئے جائینگے● اور نشانی ہے انکے لئے مردہ زمین،

أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا

کہ زندہ فرما دیا ہم نے اسے، اور نکالا ہم نے اس سے غلہ، تو اسے کھاتے ہیں● اور بنائے ہم نے اس میں

جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾ لِيَأْكُلُوا

باغ کھجوروں کے، اور انگوروں کے، اور جاری کئے اس میں چشمے● تا کہ کھائیں

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

اس کے پھل۔ اور نہیں کیا اس کو انکے ہاتھوں نے، تو کیا شکر ادا نہ کرینگے؟ ● پاکی ہے اس کی جس نے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا

پیدا فرمائے جوڑے سارے ان چیزوں سے، جنہیں زمین اگائے، اور خود ان لوگوں سے، اور ان چیزوں سے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

جس کو وہ نہیں جانتے ● اور نشانی ہے انکے لئے رات، کہ ہم کھینچ لیتے ہیں اس سے دن کو، تو اسی دم وہ

مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

اندھیرے میں ہیں ● اور سورج چلا کرتا ہے اپنے ٹھکانے۔ یہ زبردست علم والے کا مقرر کیا

الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ ؕ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾

ہوا ہے ● اور چاند کیلئے مقرر فرمادیں ہم نے منزلیں، یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی ●

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ

نہ آفتاب کی مجال ہے کہ پکڑے چاند کو، اور نہ رات بڑھ جانے والی ہے دن پر،

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

اور سب ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں ● اور ایک نشانی ہے انکے لئے یہ، کہ ہمیں نے سوار کیا تھا کشتی والوں کو انکی نسل کے ساتھ،

الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ ۙ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ

بھری کشتی میں ● اور پیدا فرمایا ہم نے انکے لئے بھی اسی قسم کی سواریاں، کہ سوار ہوں ● اور اگر ہم چاہیں

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ ۙ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ

تو ڈبو دیں انہیں، تو نہ ان کا کوئی فریادرس ہو، اور نہ یہ بچائے جائیں ● مگر ہماری رحمت، اور

مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا

ایک وقت تک رہنے دینا ● اور جب حکم دیا گیا انہیں، کہ ڈرو جو تمہارے سامنے نقد ہے، اور جو

خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ

تمہارے پیچھے وعدہ ہے، کہ تم رحم کئے جاؤ ● اور نہیں آئی انکے پاس کوئی نشانی، ان کے رب کی نشانیوں سے،

اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

مگر وہ منہ پھیرے ہیں ● اور جب حکم دیا گیا انہیں، کہ خیرات کرو اس سے، جو روزی دی

اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

تمہیں اللہ نے، جواب دیا کافروں نے مسلمانوں کو، "کہ کیا ہم کھلائیں جسے اللہ چاہتا تو خود

اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

کھلا دیتا؟ تم بس کھلی گمراہی میں ہو● اور کہتے ہیں کہ کب ہے یہ

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

وعدہ؟ اگر تم سچے ہو● نہیں انتظار کرتے مگر ایک چیخ کا، جو گرفتار کر

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى

لے انہیں، اس حال میں کہ وہ جھگڑ رہے ہیں● تو نہ کوئی وصیت کر سکیں گے، اور نہ اپنے

اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ ع ۲ ۱۸ ۳

لوگوں کی طرف واپس ہوں گے● اور پھونکا گیا صور، تو اسی وقت وہ قبروں سے

اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ

اپنے رب کی طرف دوڑ پڑینگے● بولے ہائے افسوس ہم پر، کس نے اٹھا دیا ہمیں ہماری خواب گاہ سے --●--

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا

یہ ہے جس کا وعدہ فرمایا تھا اللہ مہربان نے، اور سچ بتایا تھا رسولوں نے● یہ نہ ہوگی مگر

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ لَا

ایک چیخ، تو اب وہ سارے ہمارے سامنے حاضر کر دیئے گئے ہیں● تو آج کے دن نہ

تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ

ستایا جائے گا کوئی کچھ بھی، اور نہ بدلا دیئے جاؤ گے، مگر جو تم لوگ کر چکے ہو● بیشک جنت

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى

والے آج کے دن اپنے مشغلوں میں خوش خوش ہیں● وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں،

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ

اپنے اپنے تخت پر تکیہ لگائے ہیں● انکے لئے اس میں میوہ ہے، اور انکے لئے جو مانگ لیں● ان پر سلام ہے--

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ

رب رحیم کا فرمایا ہوا● اور الگ کھسکو آج اے مجرم لوگو!● کیا نہیں

اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

عہد لیا تھا میں نے تمہارا اے اولادِ آدم، کہ نہ پوجنا شیطان کو، کہ بلاشبہ وہ تمہارا کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ

ہوا دشمن ہے● اور یہ کہ پوجو مجھے۔ یہی سیدھا راستہ ہے● اور بیشک اس نے

مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ

گمراہ کر دیا تم میں سے بہت مخلوق کو، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے تھے؟● یہ ہے وہ جہنم، جس کا

كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ

تمہیں وعدہ دیا گیا تھا● جاؤ اس میں آج جو کفر کیا کرتے تھے● آج کے دن

نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

مہر لگا دینگے ہم انکے مونہوں پر، اور گفتگو کرینگے ہم سے انکے ہاتھ، اور گواہی دینگے ان کے پاؤں، جو

يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

وہ کمائی کرتے تھے● اور اگر ہم چاہتے تو ضرور چوپٹ کر دیتے انکی آنکھیں، تو راستہ میں دوڑتے پھرتے، پھر

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰي مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

بھی کہاں دیکھ سکتے● اور اگر ہم چاہتے تو ضرور صورتیں بدل دیتے انکی انکے مقام پر، تو نہ آگے چل

مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا

سکتے اور نہ واپس ہو سکیں● اور جس کی عمر ہم دراز کریں، تو اسکو الٹا دیں پیدائش میں، تو کیا یہ لوگ

يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

عقل نہیں رکھتے؟● اور نہیں تعلیم دی یہ ہم نے آنحضرت کو شاعری کی، اور نہ اندازِ شاعری انکے لائق ہے۔ یہ نہیں

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾

ہے مگر نصیحت، اور روشن قرآن● تاکہ ڈرائے جو زندہ ہو، اور ٹھیک کر دے حجت کافروں پر●

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا

کیا انہوں نے نہیں دیکھا، کہ ہم نے پیدا فرمایا انکے لئے اپنے ہاتھوں سے چوپایوں کو، تو وہ ان

مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَ

کے مالک ہیں● اور دبّو کر دیا انہیں انکے لئے، تو کچھ ان کی سواری ہیں، اور بعض وہ کھاتے رہتے ہیں● اور

لَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝۷۳ وَاتَّخَذُوْا مِنْ

انہیں اس میں منفعتیں ہیں، اور پینے کی چیزیں ہیں، تو کیا شکرگزار نہ ہوں گے● اور بنالیا انہوں نے اللہ کے

دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝۷۴ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ

خلاف کئی معبود، کہ وہ مدد کئے جائیں گے● وہ کر ہی نہیں سکتے ان کی مدد۔

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝۷۵ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا

اور وہ ان کے لشکر سب پکڑ کر حاضر کئے جائینگے● تو نہ رنج دے تمہیں انکی بکواس۔۔۔ بیشک ہم جانتے ہیں جو کچھ

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۶ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ

وہ چھپائیں، اور جو کچھ ظاہر کریں● کیا نہیں دیکھا انسان نے، کہ بلاشبہ پیدا فرمایا ہم نے اسے ایک

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝۷۷ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

قطرہ سے، تو اب وہ علانیہ جھگڑالو ہے● اور ضرب المثل بنایا ہمارے لئے، اور بھول گیا اپنی

خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝۷۸ قُلْ يُحْيِيْهَا

پیدائش کو۔ بولا، "کہ کون زندہ کرے گا ہڈیوں کو، جبکہ وہ گلی ہیں"● جواب دو، "کہ زندہ کریگا

الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۝۷۹ الَّذِيْ

اسے وہ، جس نے پیدا فرمایا اسے پہلی بار" اور وہ ہر پیدائش کا علم والا ہے● جس نے پیدا کیا

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝۸۰

تمہارے لئے ہرے درخت سے آگ، تو اب تم اس سے سلگاتے رہتے ہو●

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ

کیا نہیں وہ جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو قادر اس پر، کہ پیدا فرمادے ان

مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝۸۱ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ

جیسے کو۔ کیوں نہیں ہے۔ کہ وہی خوب پیدا کرنے والا علم والا ہے● اسکا یہی کام ہے، کہ جب چاہا کسی چاہے کو، تو

يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝۸۲ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ

حکم دے اسے، کہ ہوجا، تو وہ ہوجاتا ہے● تو پاکی ہے اس کی، جس کے ہاتھ میں اختیار ہے ہر

شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۳ ع

چاہے کا، اور اسی کی طرف تم لوگ لوٹائے جاؤ گے●

سُوْرَةُ الصّٰفّٰت مَكِّيَّة ۳۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۸۲ رُكُوْعُهَا ۵

سورۂ صافات مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۸۲ رکوع ۵

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝۲ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝۳ اِنَّ

قسم ہے باقاعدہ صف باندھنے والوں کی● پھر ڈانٹ کر چلانیوالوں کی● پھر قرآن کے تلاوت کرنیوالوں کی● بلاشبہ تمہارا

اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ

معبود یقیناً ایک ہے● پروردگار آسمانوں اور زمین کا، اور جو کچھ انکے درمیان ہے، اور پروردگار

الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا

تمام مشرقوں کا● بیشک ہم نے آراستہ کیا سب سے قریب کے آسمان کو، آرائش سے ستاروں کی● اور بچاؤ

مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ

ہر شیطان سرکش سے● نہیں کان لگائے رکھ سکتے عالمِ بالا کی طرف، اور

يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹

مار پھینک کئے جاتے ہیں ہر طرف سے● دھتکارنے کو، اور انکے لئے عذاب ہے دائمی●

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ

مگر جس نے کچھ اُچک لیا، تو پیچھے لگا اس کے چمکتا انگارا● تو ان سے پوچھو

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱

کہ کیا وہ زیادہ مضبوط ہیں پیدائش میں؟ یا جو اور ہم نے پیدا فرمایا ہے، بیشک ہم نے انہیں تو پیدا کیا ہے لیس دار مٹی سے●

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا رَاَوْا

بلکہ تم تو تعجب کرنے لگے، اور وہ لوگ مذاق ہی کر رہے ہیں● اور جب انکو نصیحت کی گئی تو نہیں قبول کرتے● اور جب دیکھا

اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝۱۴ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۵ ءَاِذَا

کوئی نشانی تو ٹھٹھا کرنے لگتے ہیں● اور وہ سب بولے، کہ "نہیں ہے یہ، مگر کھلا جادو● کیا جب

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝۱۶ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝۱۷

مر چکے ہم اور ہو گئے خاک؟ اور ہڈیاں، تو کیا ہم اٹھائے جائینگے؟● یا ہمارے اگلے باپ دادے"●

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۝۱۸ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ

جواب دو، کہ "ہاں، اور تم لوگ ذلیل ہو گے"● وہ تو بس ایک ڈانٹ ہے، کہ پھر اس وقت

يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ

وہ لوگ دیکھنے لگیں گے● اور بول پڑے کہ ہائے افسوس ہم پر، یہ جزا کا دن ہے● یہ فیصلہ کا دن ہے،

الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ع ۱ ۱۱ ۵

جسے تم لوگ جھٹلاتے تھے● ہانک لے جاؤ انہیں، جنہوں نے اندھیر مچایا تھا،

وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ

اور ان کے جوڑوں کو، اور جسے یہ پوجتے تھے● اللہ کے خلاف، تو لے چلو انہیں

اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا الربع

راہِ جہنم کی طرف● اور ٹھہراؤ انہیں، کہ ان سے پوچھا جائے گا● کیا ہوا تمہیں؟ کہ

تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

باہمی مدد نہیں کرتے● بلکہ وہ آج کے دن گردن ڈالے ہیں● اور سامنا کیا ایک نے

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ

دوسرے کا، باہم پوچھ گچھ کرتے● کچھ بولے کہ تم لوگ آئے تھے ہمارے پاس

الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ

داہنے بازو سے● انہوں نے جواب دیا کہ بلکہ تم خود ایمان نہیں لاتے تھے● اور نہ تھا ہمیں تم پر

مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ

کوئی زور۔ بلکہ تم خود سرکش لوگ تھے● تو درست نکلا ہم پر ہمارے رب کا فرمانا۔

اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ

بیشک ہم سب چکھنے والے ہیں● اسلئے گمراہ کیا ہم نے تمہیں، کہ بلاشبہ ہم خود گمراہ تھے● تو بلاشبہ وہ سب اس دن

فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾

عذاب میں باہم شریک ہیں● بیشک ہم ایسا ہی کیا کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ●

اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

بلاشبہ یہ تھے، کہ جب کہا گیا انہیں، کہ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل، سوا اللہ کے، تو بڑے بننے لگیں● اور بولیں کہ کیا

اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

ہم اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں ایک شاعر مجنوں کیلئے● بلکہ وہ لائے حق کو، اور تصدیق کی

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ

رسولوں کی● بیشک تم لوگ چکھنے والے ہو، دکھ والے عذاب کو● اور نہیں بدلہ دیئے جاؤ گے،

اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ

مگر جو کرتوت کرتے تھے● مگر اللہ کے چنے بندے● کہ انہیں کیلئے

لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ

ہے بتائی ہوئی روزی● میوے، اور وہ عزت دیئے گئے ہیں● راحت کے باغوں میں

النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ

● اپنے اپنے تخت پر آمنے سامنے● دَور چلایا جائے گا ان پر بہتی شراب کے جام

مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ

کا● سفید مزہ دار، پینے والوں کیلئے● نہ اس میں نشہ، اور نہ اس سے

عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ

ان کا سر پھرے گا● اور انکے پاس ہیں اپنی آنکھیں انہیں پر رکھنے والیاں، بڑی بڑی آنکھ والیاں● گو وہ

بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾

چھپائے ہوئے انڈے ہیں● تو سامنا کیا ایک نے دوسرے کا پوچھ گچھ کرتے●

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ

بولا ایک بولنے والا ان کا، کہ میرے ساتھ کا ایک بیٹھنے والا تھا● کہا کرتا، کہ کیا تم حشر کو

الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾

سچ مانتے ہو؟● کیا جب ہم مر چکے اور ہو گئے خاک اور ہڈیاں، تو کیا ہم بدلہ دیئے جائینگے؟●

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾

بولا، کہ "کیا آپ لوگ جھانک کر اسے دیکھیں گے"● پھر جھانکا، تو اسے دیکھا، کہ جہنم کے درمیان پڑا ہے●

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ

بولا، کہ "خدا کی قسم قریب تھا، کہ تو مجھے ہلاک کر دے● اور اگر نہ ہوتی میرے رب کی نعمت، تو ہوتا میں پکڑ کر

الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا

حاضر کئے ہوؤں میں"● کیا اب تو ہم نہ مریں گے● مگر ہماری پہلی موت، اور نہ

نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا

ہم عذاب دیئے جائینگے ● بیشک یہ تو یقیناً بڑی کامیابی ہے ● ایسے ہی کامیابی کیلئے

فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا

عمل کریں عمل کرنے والے ● کیا یہ بہتر مہمانی ہے، یا تھوہڑ کا درخت؟ ● بیشک

جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿۶۴﴾

بنایا ہم نے اسے آزمائش، ظالموں کیلئے ● بیشک وہ ایک درخت ہے جو نکلتا ہے جہنم کی جڑ میں ●

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ

اس کا شگوفہ، گویا دیوؤں کا سر ● یہ لوگ ضرور کھانے والے ہیں اسے، پھر بھر لینے والے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ اِنَّ

ہیں اس سے اپنے اپنے پیٹ ● پھر انکے لئے ہے اس پر ضرور کھولتے پانی کی ملونی ● پھر بلاشبہ

مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿۶۹﴾ فَهُمْ

انکے لوٹنے کی جگہ یقیناً جہنم کی طرف ہے ● انہوں نے پایا اپنے باپ دادوں کو گمراہ ● تو یہ بھی

عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾

انکے نشان قدم پر دوڑے جاتے ہیں ● اور بیشک گمراہ ہوگئے ان سے پہلے، اگلوں کے بہتیرے ●

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اور یقیناً بھیجا ہم نے ان میں ڈر سنانے والے ● تو دیکھو کہ کیسا ہوا انجام ڈرائے جانے

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ ع ۲ ۵۳ ۶

والوں کا ● مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے ● اور بیشک پکارا ہم کو نوح نے، تو

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾

کیسا اچھا ہم قبول فرمانے والے ہیں ● اور بچالیا ہم نے انہیں اور انکے والوں کو، بڑی بے چینی سے ●

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾

اور کر دیا ہم نے ان کی نسل کو کہ وہی رہ گئے ● اور باقی رکھا ہم نے انکی بلندی ذکر کو پچھلوں میں ●

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾

"کہ سلام ہو نوح پر" سارے جہان میں ● بیشک اسی طرح ہم ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو ●

إِنَّهُۥ مِنْ عِبَادِنَا ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا ٱلْـَٔاخَرِينَ ﴿٨٢﴾ وَإِنَّ

بیشک وہ میرے ماننے والے بندوں سے ہیں● پھر ڈبو دیا ہم نے دوسروں کو● اور بلاشبہ

مِنْ شِيعَتِهِۦ لَإِبْرَٰهِيمَ ﴿٨٣﴾ إِذْ جَآءَ رَبَّهُۥ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾ إِذْ قَالَ

انکی سنت و جماعت سے ہیں ابراہیم --●-- کہ لائے اپنے رب کے پاس غیروں سے محفوظ دل● جب کہ کہا

لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِۦ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾ أَئِفْكًا ءَالِهَةً دُونَ ٱللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾

اپنے بابا کو اور اپنی قوم کو، کہ یہ کیا پوجتے ہو؟● کیا گڑھ کر، دوسرے کئی معبود اللہ کے خلاف چاہتے ہو؟●

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِى ٱلنُّجُومِ ﴿٨٨﴾ فَقَالَ إِنِّى

تو تمہارا کیا گمان ہے رب العالمین کے ساتھ● پھر دیکھا گھور کر ستاروں میں● تو کہا کہ میں بیمار

سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ إِلَىٰٓ ءَالِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا

ہو جانیوالا ہوں● تو پھر گئے سب لوگ ان سے پیٹھ دے کر● تو چھپ کر چلے انکے بتوں کی طرف، تو کہا کہ "کیا

تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًۢا بِٱلْيَمِينِ ﴿٩٣﴾

تم لوگ نہیں کھاتے● تمہیں کیا ہے کہ نہیں بولتے"● تو نظر بچا کر ان پر پوری چوٹ لگائی داہنے ہاتھ سے●

فَأَقْبَلُوٓا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾ وَٱللَّهُ

تو سب لوگ سامنے آئے انکی طرف دوڑتے● پوچھا، کہ "کیا تم لوگ پوجتے ہو اسے، جسکو خود تراشتے ہو"● اور اللہ نے

خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا۟ ٱبْنُوا۟ لَهُۥ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِى

پیدا فرمایا تمہیں اور جو تم بناتے ہو● سب بولے، کہ "بناؤ اسکے لئے ایک آتش کدہ، پھر ڈال دو انہیں دہکتی

ٱلْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا۟ بِهِۦ كَيْدًا فَجَعَلْنَٰهُمُ ٱلْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ إِنِّى

آگ میں"● چنانچہ انہوں نے چاہی ان سے چال، تو کر دیا ہم نے انہیں کو نیچا● اور کہا ابراہیم نے کہ

ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّى سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِى مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ﴿١٠٠﴾

"بیشک میں ہجرت کرنیوالا ہوں اپنے رب کی طرف، وہ جلد راہ دیگا مجھے● پروردگار بخش دے مجھے لیاقت والی اولاد"●

فَبَشَّرْنَٰهُ بِغُلَٰمٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ ٱلسَّعْىَ قَالَ يَٰبُنَىَّ

تو خوش خبری دی ہم نے اسے ایک بُردبار بیٹے کی● چنانچہ جب وہ بیٹا پہنچا انکے ساتھ دوڑ دھوپ کرنے کی عمر کو، بولے،

إِنِّىٓ أَرَىٰ فِى ٱلْمَنَامِ أَنِّىٓ أَذْبَحُكَ فَٱنظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَٰٓأَبَتِ

کہ "اے میرے بیٹے، بیشک میں دیکھتا ہوں خواب میں، کہ میں تم کو ذبح کر رہا ہوں، تو تم دیکھو کہ تمہاری کیا رائے ہے؟" جواب

افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ

دیا، کہ "اے میرے باپ آپ کر گزریں جسکا آپ کو حکم کیا جاتا ہے۔ جلد ہی، آپ پائینگے مجھ کو انشاء اللہ صبر کرنیوالوں سے" ● تو جب

اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ

دونوں نے گردن جھکا دی اور لٹا دیا باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل ● اور ہم نے آواز دی انہیں، کہ اے ابراہیم! ● بیشک سچ کر دکھایا

الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا

تم نے خواب کو۔ بیشک ہم اسی طرح ثواب دیتے ہیں مخلصوں کو ● بلاشبہ یہ یقیناً کھلا

الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

امتحان تھا ● اور فدیہ دیا ہم نے ان کا شاندار ذبیحہ کو ● اور چھوڑ رکھا ان کی بلندی ذکر کو پچھلوں میں ●

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ

کہ "سلام ہو ابراہیم پر" ● اسی طرح ثواب دیتے ہیں ہم مخلصوں کو ● بیشک وہ

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

میرے ماننے والے بندوں سے ہیں ● اور خوش خبری دی ہم نے انہیں اسحاق کی، نبی لیاقت مندوں سے ●

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ

اور برکت بھیجی ہم نے ان پر اور اسحاق پر۔ اور ان دونوں کی اولاد سے کوئی احسان والا ہے اور کوئی اپنے

لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا ع ۳ ۳۹ ۷

اوپر علانیہ اندھیر مچانے والا ● اور بیشک احسان فرمایا ہم نے موسیٰ و ہارون پر ● اور بچا لیا انہیں

وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾

اور ان کی قوم کو بڑی بے چینی سے ● اور مدد فرمائی ہم نے انکی، تو ہوئے وہی جیتے ہوئے ●

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾

اور دیا ہم نے ان دونوں کو روشن کتاب ● اور ہدایت فرمائی ان کی سیدھی راہ کو ●

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا

اور چھوڑ رکھا دونوں کی بلندی ذکر کو پچھلوں میں ● کہ "سلام ہو موسیٰ و ہارون پر" ● بیشک

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

ہم اسی طرح ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو ● بیشک وہ دونوں ہمارے ماننے والے بندوں سے ہیں ●

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

اور بیشک الیاس پیغمبروں سے ہیں● جبکہ کہا اپنی قوم کو، کہ کیا تم لوگ نہیں ڈرتے●

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَللّٰهَ رَبَّكُمْ وَ

کیا دہائی دیتے ہو بعل کی، اور چھوڑے ہوئے ہو نہایت اچھے خالق کو● اللہ کو، اپنے رب کو، اور

رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا

اپنے اگلے باپ دادوں کے رب کو● تو جھٹلایا لوگوں نے انکو، تو بیشک وہ پکڑ کر حاضر کیے جائینگے● مگر

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ

اللہ کے مخلص بندے● اور چھوڑ رکھا ہم نے انکی بلندی ذکر کو پچھلوں میں● کہ "سلام ہو

عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنْ

الیاس پر"● بیشک ہم اسی طرح ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو● بیشک وہ

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ

ہمارے ماننے والے بندوں سے ہیں● اور بیشک لوط، یقیناً پیغمبروں سے ہیں● جبکہ بچالیا ہم

وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

نے انہیں اور انکے سب لوگوں کو● مگر ایک بڈھی پچھڑ جانیوالوں سے● پھر تہس نہس کر دیا ہم نے اوروں کو●

وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ ۗ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ ع ۴ ۵ ۸

اور تم لوگ خود گزرتے رہتے ہو ان پر صبح کو● اور رات میں، تو کیا عقل سے کام نہیں لیتے؟●

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾

اور بلاشبہ یونس، یقیناً پیغمبروں سے ہیں● جب بھاگ نکلے بھری کشتی کی طرف●

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ

تو قرعہ ڈالا، تو وہ ہوئے ہار جانے والوں سے● تو نگل لیا انہیں مچھلی نے، اور وہ اپنے کو برا بھلا

مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِىْ بَطْنِهٖٓ

کہہ رہے تھے● تو اگر نہ ہوتی یہ بات کہ وہ تھے تسبیح کرنیوالوں سے● ضرور ٹھہرے رہتے اس کے پیٹ میں

اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا النصف

اس دن تک، کہ لوگ اٹھائے جائیں● تو نکال پھینکا ہم نے انہیں میدان پر اور وہ بیمار ہیں● اور اگا دیا

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ

ہم نے ان پر کدو کی بیل● اور بھیجا ہم نے انہیں ایک لاکھ، بلکہ

يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ

زیادہ کی طرف● تو مان گئے وہ سب، چنانچہ رہنے سہنے دیا ہم نے انہیں ایک مدت تک● تو ان سے پوچھو کہ کیا تمہارے

الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

رب کیلئے بیٹیاں ہیں، اور تمہارے لئے بیٹے؟● یا کیا پیدا کیا ہم نے فرشتوں کو مادہ، اور وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ

حاضر تھے● یاد رکھو کہ بلاشبہ اپنی بہتان بازی سے بک رہے ہیں● کہ اللہ نے جنا، اور بلاشبہ وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ

یقیناً جھوٹے ہیں● کیا چنا اس نے بیٹیوں کو بیٹوں پر؟● تمہیں کیا ہو گیا ہے۔؟ کیسا

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا

حکم لگاتے ہو● تو کیا کچھ نہیں سوچتے● یا تمہارے لئے کوئی روشن سند ہے؟● تو لاؤ

بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ

اپنی کتاب، اگر سچے ہو● اور بنالیا ان لوگوں نے اپنے اور دیوؤں کے درمیان

نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

نسب۔ حالانکہ یقیناً معلوم ہے جنوں کو، کہ وہ حاضر کئے جائیں گے● پاکی ہے اللہ کی اس

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا

سے جو یہ لوگ بولتے ہیں● مگر اللہ کے مخلص بندے● تو بیشک تم اور جس کو

تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ

پوجتے ہو● تم سب، ان پر فتنہ نہیں چلا سکتے● مگر اس پر جو دہکتی آگ میں جانے

الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

والا ہے● اور نہیں ہم فرشتوں میں سے، مگر اسکا ایک مقام معلوم ہے● اور بلاشبہ ہم صف باندھے کھڑے ہیں●

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ

اور بیشک ہم تسبیح کرنے والے ہیں● اور یہ لوگ کہا کرتے تھے● "کہ اگر

عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾

ہمارے پاس کوئی نصیحت ہوتی اگلوں سے● تو ضرور ہم ہوتے اللہ کے کھرے بندے"●

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا

پھر انہیں نے انکار کر دیا اس کا، تو جلد معلوم کر لینگے● اور بیشک پہلے سے ہو چکی ہماری بولی اپنے

لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا

پیغمبر بندوں کیلئے● کہ بلاشبہ انہیں کی مدد کی جائے گی● اور بیشک ہمارا ہی

لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ

لشکر جیتے گا● تو منہ پھیر لو ان سے کچھ وقت تک● اور دیکھتے رہو انہیں، کہ جلد ہی

يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

یہ لوگ بھی دیکھ لینگے● تو کیا ہمارے عذاب کی جلدی مچاتے ہیں● وہ تو جہاں اترا ان کے آنگن میں،

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ

تو کیسی بری صبح ہوئی انکی، جو ڈرائے گئے ہیں● اور منہ پھیر لو ان سے کچھ وقت تک● اور دیکھتے

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

رہو، کہ جلد ہی یہ لوگ بھی دیکھ لینگے● پاکی ہے تمہارے رب کی، بڑی عزت والا، اس سے جو یہ لوگ بکتے ہیں●

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

اور سلام ہے رسولوں پر● اور حمد اللہ کی، پروردگار سارے عالم کا●

ع ۵ ۵۴۴

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ ۳۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۸۸ رُكُوْعُهَا ۵

سورۂ صٓ مکیّہ — نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا — آیات ۸۸ رکوع ۵

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

صٓ، قسم ہے نصیحت والے قرآن کی● بلکہ جنہوں نے انکار کیا، ڈینگ اور دشمنی میں ہیں●

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾

کتنے برباد کر دیئے ہم نے ان سے پہلے اہل زمانہ کو، تو ہائے پکار لگائی، اور نہ تھا وقت رہائی کا●

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ

اور یہ لوگ تعجب میں پڑ گئے، کہ آیا ہے انکے پاس ایک ڈر سنانے والا انہیں سے، اور بولے کافر لوگ، کہ "یہ جادوگر

كَذَّابٌ ۝٤ أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝٥

جھوٹے ہیں● کیا بنا دیا بہت سے معبودوں کو ایک معبود۔ بیشک یہ عجیب بات ہے"●

وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلٰى آلِهَتِكُمْ ۚ إِنَّ

اور چل دیئے ان میں سے سردار لوگ، کہ "چلے چلو اور جمے رہو اپنے معبودوں پر۔ بیشک

